(63)

PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis-I(R)/2015/ 232
Dated Peshawar, the 5 /01/2015.

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Home and Tribal Affairs Department.

Subject: **JOINT RESOLUTION NO. 656 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**.

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **02-01-2015** has **unanimously** passed the following Resolution No. **656** moved by Mr. Inayatullah Senior Minister for Local Government Khyber Pakhtunkhwa, Mr. Shah Ram Khan, Senior Minister for Health, Khyber Pakhtunkhwa, Mr. Imtiaz Shahid, Minister for Law, Parliamentary Affairs and Human Rights, Maulana Lutf-ur-Rehman, MPA/Leader of Opposition, Khyber Pakhtunkhwa, Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao, Sardar Aurangzeb Nalotha, Mr. Saleem Khan, Syed Jaffar Shah, Member's Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.

مشترکہ قرارداد

یہ صوبائی اسمبلی مورخہ 16 دسمبر 2014 کو آرمی پبلک سکول پر ہونے والے سفاکانہ حملے کی شدید مذمت کرتی ہے اور متاثرہ خاندانوں سے یکجہتی اور دلی ہمدردی کا اظہار کرتی ہے اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعاگو ہے اور اس عزم کا اظہار کرتی ہے کہ شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں ہونے دیا جائے گا۔

یہ اسمبلی پشاور اور اسلام آباد میں قومی قیادت کی متفقہ سفارشات اور قومی یکجہتی کے اس مظاہرے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

یہ اسمبلی وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس واقع سے پیدا شدہ صورت حال کے پیش نظر خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کی جائے اور ملک کے اندر امن وامان بحال کرنے کے لئے موثر نیشنل سیکیورٹی پالیسی تشکیل دی جائے۔

یہ اسمبلی مزید وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ افغان مہاجرین اور آئی ڈی پیز کو اپنے گھروں کو باعزت واپسی کے لئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

یہ اسمبلی دہشت گردی کے خلاف شہید ہونے والے پاک آرمی اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں اور افسران کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔

یہ اسمبلی مزید وفاقی حکومت سے یہ مطالبہ کرتی ہے کہ آرمی پبلک سکول کی بہادر پرنسپل طاہرہ قاضی صاحبہ شہید کو ان کی شجاعت اور بہادری پر اعلیٰ سول ایوارڈ دیا جائے اور دیگر شہداء کے نام سے مختلف تعلیمی اداروں کو منسوب کیا جائے اور آرمی پبلک سکول اینڈ کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دیا جائے۔

یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس واقع کے نتیجے میں پیدا شدہ قومی اتفاق رائے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دہشتگردی کے خلاف اس جنگ کو اپنے منطقی انجام تک پہنچایا جائے تاکہ ہم اپنے آنے والی نسلوں کو ایک پر امن اور خوشحال پاکستان دے سکیں۔ نیز یہ اسمبلی یہ بھی سفارش کرتی ہے کہ ان شہید بچوں کے نام ایک یادگار تعمیر کیا جائے جو کہ تاریخ کا حصہ بنے۔

Yours faithfully,

(INAMULLAH KHAN)
Assistant Secretary-VII
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa